نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈلاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب کے کپاس کی اگیتی کاشت سے متعلق خصوصی پیکج کے تحت کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور:24مارچ2025: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے اگیتی کپاس کی کاشت سے متعلق خصوصی پیکج کے تحت 25 ہزار روپے مالی اعانت کیلئے فیصل آباد، سرگودھا، ساہیوال، ملتان، بہاولپور اورڈی جی خان کے ایسے کاشتکار درخواست دینے کے اہل ہیں جنہوں نے 31مارچ تک 5 ایکڑیا اُس سے زائد ملکیتی رقبہ پر محکمہ زراعت پنجاب کی سفارش کردہ کپاس کی اقسام کی کاشت مکمل کرلی ہو۔اس پیکج کے تحت کاشتکار 3 اپریل2025 تک درخواستیں کی وصولی اور رجسٹریشن کے لئے متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر سے رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔درخواست فارم محکمہ زراعت پنجاب کی آفیشل ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔

☆☆☆☆